Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۱۹	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۷ ماہ شوال ۱۳۴۲ھ مطابق ۱۲ مئی ۱۹۲۴ء	جلد ۳۶

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	منتقلی خدمات بابو ہر پرشاد ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ منیجر گودام خزانہ ۔	۱ و ۲
۲	رخصت ڈاکٹر عاشق علی صاحب ۔	۲
۳	اضافہ مشاہرہ حسین بیگ ۔	۳
۴	عطاء سند علت بہ دیبی دیال ۔	۳
۵	اعلان کتب ۔	۳
۶	ضمیمہ نقشہ اخراجات	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۳ مئی سنہ ۱۹۲۴ء

ثبتہ رپورٹ صاحب فائنیشل سکرٹری بہادر دربارہ تقرر منیجر خزانہ ۔

رپورٹ منظور ہے ۔ بابو ہر پرشاد ڈپٹی منیجر گودام جن کا تقرر بجائے رام کشن گنگا سہائے تجویز کیا گیا ہے ۔ اُنکے خدمات سررشتہ آڈٹ سے دفتر فائنیشل سکرٹری بہادر مین منتقل کئے جاتے ہیں اور ایک سو روپیہ ماہوار تا انجام خدمات مذکورہ

بادراج برآمد دفتر صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر انکو ملا کرے اور بنگان خزانچیان سے ماہ بماہ یہ رقم ایک سو روپیہ ماہوار ذریعہ دفتر صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر بسیاہہ خزانہ بھیجی رہے۔ نیز انکو وہ کچھ بھی حقوق و اختیارات حاصل ہونگے جو خزانچیان کو حاصل تھے اور کاروبار خرید و فروخت جائداد منقولہ و غیر منقولہ منظوری صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر بجائے خزانچیان کرینگے۔ اور انکے دستخط بجائے اصل خزانچیان شمار ہونگے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو

نقل احکام اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

۳ مئی ۱۹۲۴ء

حسب عرضداشت صاحب چیف سکریٹری بہادر۔ ڈاکٹر عاشق علی اسسٹنٹ سرجن شفاخانہ کیری کی رعایتی رخصت یکماہ بضرورت جانے وطن منظور فرمائی گئی۔

اضافہ

۳ مئی ۱۹۲۴ء

حسب تحریر حجۃ الاسلام آقا سید محمد رضا صاحب طباطبائی مجتہد العصر والزمان سید سلطان حسین پیشکار کی تنخواہ موجودہ تیس روپیہ ماہوار میں پانچ روپیہ ماہوار اضافہ یکم مئی ۱۹۲۴ء سے منظور فرمایا گیا۔

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع یکم مئی سنہ ۱۹۲۴ء

بلاحظہ مثل امتحان وکلا واضح ہوا کہ ویہی ویال وکیل درجہ سوم امتحان میں مجموعی نمبران صرف پانچ نمبر کمی ہونیکی وجہ سے درجہ دوم میں فیل ہو گئے ہیں حالانکہ ہر پرچہ کے نمبر درجہ دوم کی کامیابی کے لئے کافی تھے نیز اب اس وکیل کو ایک عرصہ وکالت کرتے گذر گیا ہے اور قانونی تجربہ حاصل ہو گیا ہے اور یہ کہ [illegible] ریاست ہذا کا قدیم متوسل اور ایک معزز خاندانی ہے ان سب وجوہ سے سائل کو سند وکالت درجہ دوم دیجاتی ہے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

علمی ذخیرہ

مدت سے حضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہو کر طبع ہو گئی ہیں ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہے اس نادر موقع سے ضرور فائدہ اٹھائیے خود بھی خرید فرما کر پڑھئے اور احباب کو بھی دکھائیے۔

قول شافی۔ یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اردو ترجمہ ہو رہا ہے [illegible] نام سے شائع ہو رہا ہے جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ کر [illegible] قیمت [illegible] ہے۔

التوحید۔ یہ کتاب جامع [illegible] کی جلد اول کا پہلا حصہ ہے [illegible] اسکی توحید اور صفات سے مفصل بحث کیگئی ہے۔ اسکی قیمت بھی [illegible] ہے

جسکو [illegible] مطلوب ہوں درخواست [illegible] صاحب کتب خانہ کی خدمت میں ارسال فرمائے

(ذو الفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور)

سرکاری پریس ریاست رامپور میں شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۵ لغایت ۱۱ مئی ۱۹۲۲ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم				۱۰ مار			دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص				۱۵ مار			
نخود کستہ آمیز				۲۰ مار			
[illegible]				۲۱ مار			
ماش				۹ مار			
مونگ				۰			
مکا				۱۲ مار			
جئی				۳۰ مار			
کوجی				۰			
مسور				۲۰ مار			
ارہر				۰			
برنج				۵ مار			
روغن زرد				۱۰ مار			
روغن سیاہ				۱ مار			
روغن کنجد				۵ مار			
نمک سانبھر				۱۱ مار			
نمک لاہوری				۵ مار			
قند سیاہ				۵ مار			
باجرہ				۰			

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور